# والدین کی رہنمائی برائے ELPT

جبکہ اسکول اور طلبہ انگریزی زبان میں مہارت کے ٹیسٹ (ELPT) کے لیے اپنی حتمی تیاریوں کا آغاز کر رہے ہیں، لوویزیانا محکمۂ تعلیم (LDOE) نے والدین کو ٹیسٹ سے متعلق عمومی معلومات فراہم کرنے اور اس امر کی آگاہی کے لیے کہ آپ اور آپ کا بچہ ٹیسٹ دیتے ہوئے کیا توقع کر سکتے ہیں، یہ پرچۂ حقائق تشکیل دیا ہے۔

## ٹیسٹ کو جانیں

### انگریزی زبان میں مہارت کا ٹیسٹ: ELPT

K-12 جماعتوں میں اندراج شدہ جن طلبہ کی شناخت انگریزی سیکھنے والوں (ELs) کے طور پر کی گئی ہے، وہ ELPT دیتے ہیں۔ یہ آن لائن تشخیص وقت سے مشروط نہیں ہوتی ہے، اور زبان کے درج ذیل چار شعبہ جات میں کسی طالبِ علم کی مہارت کی پیمائش کرتی ہے:

- پڑھنا
- لکھنا
- بولنا
- سننا

ELPT ایسے طلبہ کی انگریزی زبان میں مہارت کا اندازہ لگاتا ہے جو سال بہ سال پیش رفت کرتے ہوئے ELs میں شمولیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔ پیش رفت کی پیمائش، گریڈ کے موافق کارکردگی کی مطابقت سے ازسرِ نو درجہ بندی، اور اس امر کے تعین کے لیے کہ کون سے سکول سسٹمز EL's کے لیے احتسابی اہداف  پورا کر رہے ہیں، ELPT نئی ٹیکنالوجی اور جدید طریقے استعمال کرتا ہے۔

ELPT کے نتائج کسی طالبِ علم کی انگریزی سطح مہارت کے تعین اور اس امر کے فیصلہ کے لیے استعمال ہوں گے کہ طالبِ علم کو بنیادی مواد کی کلاسز میں مکمل طور پر شرکت کے لیے زبان سے متعلق کون سی سہولیات اور معاونت درکار ہوں گی۔

ELs "قابلیت"کی درجہ بندی حاصل کر لینے تک یہ تشخیص کرتے رہتے ہیں۔ ایک طالب علم "ماہر" ہوتا ہے جب وہ انگریزی زبان کی مہارت کی اس سطح کو حاصل کر لیتا ہے جو انگریزی میں گریڈ لیول، مواد سے متعلق تعلیمی کاموں کو آزادانہ طور پر تیار کرنے، تشریح کرنے، ان پر تعاون کرنے اور کامیاب ہونے کے لیے ضروری ہوتا ہے۔

**کسی EL پروگرام میں شرکت کرنے سے انکار کر دینے والے طلبہ کو بھی ELPT دینا ہوتا ہے۔ نہایت واضح معذوریوں کے حامل طلبہ ELPT Connect دینے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ELPT Connect رہنمائے والدین سے رجوع کریں۔**

### ELPT ڈیزائن اور کارکردگی کی  سطحیں

ELPT طلبہ کی انگریزی زبان میں بطورِ کل مہارت کے ساتھ ساتھ زبان کے پڑھنے، لکھنے، بولنے اور سننے کے شعبہ جات میں ان کی کارکردگی کی پیمائش کرتا اور بتاتا ہے۔ رپورٹنگ زمرہ جات میں سکورز، زبان کے شعبہ جات کی عکاسی کرتے ہیں، اور پھر یہ سکور مل کر بطورِ کل مہارت کے تعین کنندہ بنتے ہیں۔ ELPT میں کارکردگی کے پانچ درجے اور مہارت کی تین سطحیں ہیں۔ مہارت کے لیے چاروں شعبہ جات میں معیارات کے **مجموعہ پر پورا اترنا مطلوب ہے۔**

| کارکردگی کی سطح | تعریف |
|---|---|
| لیول 1 | **ابتدائی:** جماعت کی سطح پر انگریزی زبان کی چند مہارتیں ظاہر کرتا ہے اور EL پروگرام کی معاونت سے استفادہ ہوگا |
| لیول 2 | **ابتدائی اوسط:** جماعت کی سطح پر انگریزی زبان کی مہارتیں پیدا ہوانے کا ثبوت پیش کرتا ہے اور EL پروگرام کی معاونت سے استفادہ ہوگا |
| لیول 3 | **اوسط:** جماعت کی سطح پر انگریزی زبان کی چند مہارتوں کا اطلاق کرتا ہے اور EL پروگرام کی معاونت سے استفادہ ہو گا |
| لیول 4 | **ابتدائی اعلیٰ:** غیر EL's سے موازنہ کے درجہ پر، جماعت کی سطح کے تعلیمی مواد کی ہدایات میں شامل ہونے کے لیے مطلوب انگریزی زبان کی مہارتوں کا مظاہرہ کرتا ہے |
| لیول 5 | **اعلیٰ:** ELPT کی جانب سے پیمائش شدہ انگریزی زبان کی اعلیٰ مہارتوں کا مظاہرہ کرتا ہے |

**طلبہ کو ہر شعبہ میں سطحِ کارکردگی کے ساتھ ساتھ بطورِ کل سطحِ مہارت کا اسکور بھی ملے گا۔**

| مہارت کا تعین | تعریف |
|---|---|
| ایمرجنگ | ایمرجنگ وہ طلباء ہیں جنہوں نے ابھی تک انگریزی زبان کی مہارت کی وہ سطح حاصل نہیں کی ہے جو انگریزی میں گریڈ لیول، مواد سے متعلق تعلیمی کاموں کی تیاری، تشریح، اور تعاون کرنے کے لیے ضروری ہے۔ ایمرجنگ اسکور کرنے والے طلبہ جاری پروگرام معاونت کے اہل ہوتے ہیں۔ |
| پروگریسنگ | طلباء اس وقت پروگریسنگ ہوتے ہیں جب، معاونت کے ساتھ، وہ انگریزی زبان کی مہارت کی ایک سطح تک پہنچتے ہیں جو انگریزی میں گریڈ لیول، مواد سے متعلق تعلیمی کاموں کو تیار کرنے، تشریح کرنے، اور تعاون کرنے کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ پروگریسنگ اسکور کرنے والے طلبہ جاری پروگرام معاونت کے اہل ہوتے ہیں۔ |
| ماہر | ایک طالب علم "ماہر" ہوتا ہے جب وہ انگریزی زبان کی مہارت کی اس سطح کو حاصل کر لیتا ہے جو انگریزی میں گریڈ لیول، مواد سے متعلق تعلیمی کاموں کو آزادانہ طور پر تیار کرنے، تشریح کرنے، ان پر تعاون کرنے اور کامیاب ہونے کے لیے ضروری ہوتا ہے۔  ماہر اسکور کرنے والے طلبہ از سرِ نو درجہ بندی کے اہل ہوتے ہیں۔ |

مہارت کی سطح کا تعین ہر شعبہ میں طالبِ علم کی کارکردگی سے ہوتا ہے۔ اضافی معلومات طالبِ علم کے اسکورز کے ساتھ شامل ہوں گی۔

## آن لائن ٹیسٹنگ شیڈول: فروری 10–مارچ 19، 2025

اسکولز اس عرصہ کے دوران آن لائن امتحانات کے انتظام کے لیے ترتیب کا تعین کرتے ہیں؛بہرحال، امتحانات کے ایّام اور نشستوں کی گردش اسکول کے مطابق مختلف ہوں گے۔

## امتحانات کے نتائج

اسکولز اور اسکول سسٹمز کو مئی میں ELPT کے نتائج موصول ہوں گے۔ ہر اسکول سسٹم فیصلہ کرے گا کہ ان معلومات کو کیسے پہنچایا جائے گا، تاہم اساتذہ، والدین اور طلبہ کو ہر شعبہ میں طالبِ علم کی انگریزی زبان کی مہارت مہیا کی جائے گی۔ نتائج میں شعبہ کی سطحِ مہارت اور بطورِ کل سطحِ مہارت شامل ہوں گی۔

ان نتائج سے متعلق مزید جاننے کے لیے اور یہ معلوم کرنے کے لیے کہ یہ آپ کے بچے کے لیے کیوں معنی رکھتے ہیں ELPT رہنمائے والدین برائے طالبِ علم رپورٹس دیکھیں۔


ELPT طالب علم کی رپورٹس
کے لیے والدین کی رہنمائی

## امتحان کی تیاری

### جانیں کہ آپ کا بچہ کیا سیکھ رہا ہے

آپ کے طالبِ علم کے جماعت کی سطح کے لیے سیکھنے کی توقعات جاننے کے لیے LA Connectors برائے ELs پر ایک نظر ڈالیں۔ ELs کے لیے LA کنیکٹرز زبان اور تعلیمی مواد کے حصول کے درمیان تعلق فراہم کرتے ہیں۔ کنیکٹرز زبان کے اہم پہلوؤں، زبان کے بارے میں علم، اور ELs کو درکار زبان کے استعمال کی مہارتوں کو اجاگر اور بڑھاتے ہیں کیونکہ وہ مطالعہ کے ہر کورس میں قابلیت پیدا کرتے ہیں۔ ELs کے لیے LA Connectors طلبہ کو ہر مضمون میں مہارت حاصل کرنے کے لیے ضروری زبان سکھانے کے ساتھ ساتھ پیچیدہ عبارات اور مشکل سرگرمیاں انجام دینے کے مواقع فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ کمرۂ جماعت میں مؤثر طور پر شرکت کے قابل بن سکیں اور مقامی انگریزی بولنے والوں کے ساتھ ایک ہی تعلیمی مواد اور نصاب میں شرکت کر سکیں۔

**آپ کے بچے کی مدد کرنے کے دیگر طریقے شامل ہیں:**

- آپ کا بچہ پڑھ کر آپ کو سنائے (یا چھوٹے بہن بھائی کو)
- اپنی مقامی لائبریری جا کر آڈیو بکس لینا۔
- اپنے بچے کے سکول میں والدین-اساتذہ ملاقات میں شرکت کرنا۔
- انگریزی موسیقی سننا یا ٹیلی ویژن دیکھنا۔
- اپنی مقامی زبان میں بھی پڑھنے اور لکھنے کی مشق کرنا (تحقیق سے پتا چلتا ہے کہ ایسا کرنے سے انگریزی خواندگی کی مہارتوں میں مدد ملتی ہے)۔

### کارآمد لنکس

LA Connectors برائے ELs

ELPT آن لائن ٹولز تربیت

ELPT طالب علم کی رپورٹس کے لیے والدین کی رہنمائی

**اس یا کل ریاستی کسی بھی دیگر تشخیص کے متعلق مزید معلومات کے لئے،**
**اپنے بچے کے پرنسپل یا معلم سے بات کریں، یا assessment@la.gov پر محکمہ کو ای میل کریں۔**

**اس مواد میں موجود ہائپرلنکس تک رسائی کے لیے QR Code اسکین کریں۔**

LOUISIANA DEPARTMENT OF EDUCATION

نظر ثانی شدہ دسمبر 2، 2024